| Naration | Time |
|---|---|
| سپریڈشیٹ میں چارٹ درج کرنے پرلبرآفس کیلک کے سپوکن ٹیوٹوریَل میں آپ کا استقبال ہے. | 0:00 |
| اس ٹیوٹوریَل میں ہم مندرجہ ذیل سیکھیں گے: | 0:07 |
| چارٹس کو بنانا، ترمیم کرنا اور فارمیٹ کرنا. | 0:11 |
| چارٹس کا سائز تبدیل کرنا اور منتقلی کرنا. | 0:14 |
| یہاں ہم اوبنٹو لینکس ورژن 10.04 اور لبرے آفس سوٹ ورژن 3.3.4 کا استعمال کر رہے ہیں. | 0:18 |
| لہذا لبرے آفس کیلک میں مختلف کارکردگی کے آپشنس کے بارے میں سیکھنا شروع کرتے ہیں. | 0:27 |
| قارئین تک اطلاع پہنچانے کے لئے چارٹس مضبوط ذریعے ہو سکتے ہیں. | 0:32 |
| لبرآفس کیلک آپ کے ڈیٹا کے لئے مختلف قسم کے چارٹس فارمیٹس فراہم کرتا ہے. | 0:37 |
| کیلک کا استعمال کرتے ہوئے، آپ چارٹس کو کافی حد تک کسٹمائز بھی کر سکتے ہیں. | 0:43 |
| اپنی 'personal finance tracker.ods'شیٹ کھولتے ہیں. | 0:48 |
| اور شیٹ میں درج تمام چیزوں پر خرچ کی گئی رقم کو پُر کریں. | 0:53 |
| ہم سیل جو "E3" سے ریفرنسڈ یعنی حوالہ دی گئی ہے اس پر کلک کریں گے اور رقم "6500" ٹائپ کریں گے. | 0:59 |
| اب کالم میں نیچے جائیں گے، ہم "E4"، "E5"، "E6" اور "E7" سے ریفرنسڈ سیلز میں رقم "1000"، "625"، "310" اور "2700" بالترتیب ٹائپ کریں گے. | 1:06 |
| اب شیٹ میں درج تمام چیزوں کے لئے پائی گئی رقم بھریں | 1:26 |
| لہذا "F3" ریفرنسڈ سیل پر کلک کریں اور رقم "500" ٹائپ کریں. | 1:31 |
| اب اس کالم میں نیچے جائیں، ہم "F4"، "F5"، "F6" اور "F7" سے ریفرنسڈ سیلز میں رقم "200"، "75"، "10" اور "700" بالترتیب ٹائپ کریں گے. | 1:37 |
| سیکھتے ہیں کہ اس ٹیبل کے لئے چارٹ کس طرح بنائیں. | 1:54 |
| ایک چارٹ بنانے کے لئے، سب سے پہلے ہمیں چارٹ میں شامل کئے جانے والے ڈیٹا یعنی اعداد و شمار کو منتخب کرنا ہوگا. | 1:58 |
| لہذا سیل "SN" پر کلک کریں اور ماؤس کے بٹن کو بنا چھوڑے، کرسر کو آخری سیل تک ڈریگ کریں جس میں "700" ہے. | 2:04 |
| اب مینیو بار میں "Insert" آپشن پر کلک کریں اور پھر "Chart" آپشن پر کلک کریں. | 2:14 |
| آپ دیکھتے ہیں کہ تاریخ کے ساتھ ڈفالٹ چارٹ ورکشیٹ میں شامل ہوگیا ہے. | 2:21 |

| | |
|---|---|
| 2:27 | ساتھ ہی "Chart Wizard" ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 2:32 | "Chart Wizard" ظاہر کرتا ہے کہ ڈفالٹ چارٹ منتخب ہے. |
| 2:36 | ڈفالٹ چارٹ chart wizard میں آپ کی طرف سے کی گئی تبدیلیوں کو ظاہر کرنے کے لئے اپ ڈیٹ ہوتا ہے. |
| 2:42 | "Chart Wizard" ڈائیلاگ باکس میں تین اہم حصہ ہوتے ہیں، چارٹ کو بنانے کی ہدایات، چارٹ کے اقسام کا انتخاب اور چارٹ کی ہر قسم کے لئے آپشنس. |
| 2:55 | "3D Look" آپشن کو چیک کرکے، چارٹ کارکردگی کو تین ڈائمینشن میں بھی دکھا سکتے ہیں. |
| 3:03 | چلیئے ان آپشنس کی کوشش کرتے ہیں. |
| 3:05 | ہم "Choose a chart type" فیلڈ کے تحت "Bar" آپشن پر کلک کریں گے. |
| 3:11 | نوٹ کریں، کہ سیمپل چارٹ ٹیبل کے ڈیٹا کو "Bar" کی شکل میں ظاہر کرتا ہے. |
| 3:19 | اسی طرح سے آپ دوسرے آپشنس، جیسے "Pie"، "Area"، "Bubble" پر کلک کر سکتے ہیں. |
| 3:28 | اور "Choose a chart type field" کے تحت بھی کئی دیگر آپشنس پر کلک کر سکتے ہیں اور مطلوبہ چارٹ حاصل کر سکتے ہیں. |
| 3:35 | "Steps" آپشن کے تحت، ہمارے پاس "Data Range" نامی ایک اور آپشن ہے. |
| 3:40 | اس آپشن کا استعمال کرتے ہوئے، آپ کو چارٹ میں جتنا ڈیٹا ظاہر کرنا ہے اس کی حد خود سے تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 3:48 | ڈیٹا کو plot کرنے یعنی بنانے کا ڈفالٹ آپشن "Data series in columns" ہے. |
| 3:54 | ہم "Data series in rows" کا استعمال کرکے ڈیٹا کو پلاٹ کرنے طریقہ تبدیل کر سکتے ہیں |
| 4:02 | یہ کارآمد ہے اگر آپ اپنے ڈیٹا کو ظاہر کرنے کے لئے چارٹ کے اسٹائل جیسے کہ "Column" کا استعمال کرتے ہیں. |
| 4:10 | آخر میں، آپ انتخاب کر سکتے ہیں کہ "First row as label" استعمال کرنا ہے یا "First column as label"، |
| 4:28 | یا چارٹ کے axis یعنی محور پر لیبلز کے لئے دونوں. |
| 4:34 | پھر data series in column پر دوبارہ کلک کریں. |
| 4:38 | اب، اپنے سیمپل چارٹ میں، اگر ہم عنوان "Received" کے تحت ڈیٹا کو حذف یا ہٹانا چاہتے ہیں، ہم یہ سب سے پہلے "Data range" فیلڈ پر کلک کرکے کر سکتے ہیں. |
| 4:49 | اور پھر رینج "$ A $ 1 is to $ F $ 7" to "$ A $ 1 is to $ D $ 7" میں ترمیم کرکے کر سکتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 5:03 | عنوان "Received" کے تحت کے ڈیٹا پر توجہ دیں، یہ چارٹ میں اب ظاہر نہیں ہے. |
| 5:11 | اب، دیکھتے ہیں کہ "Data Series" کیا کرتا ہے. |
| 5:15 | نوٹ کریں، یہاں 5 رووس ہیں، جو ہماری سپریڈشیٹ میں ڈیٹا کی تمام رووس کو ظاہر کر رہی ہیں. |
| 5:21 | "Add" اور "Remove" بٹن، ہمیں چارٹ میں ڈیٹا شامل اور ہٹانے کی اجازت دیں گے. |
| 5:29 | "Up" اور "Down" بٹن کو استعمال کر کے ہم ڈیٹا کو دوبارہ ترتیب بھی دے سکتے ہیں. |
| 5:34 | لہذا ڈیٹا اور اس چارٹ میں ظاہر کرنے کے طریقے کو منتخب کرنے کے بعد، ڈائیلاگ باکس میں "Finish" کے بٹن پر کلک کریں. |
| 5:43 | آپ دیکھتے ہیں، کہ چارٹ سپریڈشیٹ میں داخل ہو گیا ہے. |
| 5:47 | سپریڈشیٹ میں چارٹ درج کرنا سیکھنے کے بعد، |
| 5:51 | ہم سیکھیں گے، لبرے آفس کیلک میں چارٹ فارمیٹ کیسے کریں. |
| 5:56 | "Format" مینو میں فارمیٹنگ اور |
| 6:00 | چارٹ کی دکھاوٹ کو ٹھیک کرنے کے کئی آپشنس ہوتے ہیں. |
| 6:04 | سپریڈشیٹ میں ہم نے، جو چارٹ داخل کیا ہے، اسے فارمیٹ کریں. |
| 6:08 | لہذا، چارٹ پر ڈبل - کلک کریں، جس سے کہ یہ سلیٹی حاشیہ یعنی gray border سے بند ہو جائے. |
| 6:13 | یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ "Edit" موڈ میں ہے. |
| 6:18 | اب مین مینیو میں "Format" آپشن پر کلک کریں. |
| 6:22 | آپ دیکھتے ہیں کہ ڈراپ - ڈاؤن مینو میں کئی فارمیٹنگ آپشنس ہیں جیسے "Format Selection"، "Position and Size"، "Arrangement"، "Chart Wall"، "Chart Area" وغیرہ |
| 6:37 | یہ چارٹ کی جگہ متعین کرنے، بیکگراونڈ اور چارٹ کے عنوان منظّم اور فارمیٹ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں. |
| 6:44 | ہم سب سے زیادہ استعمال کیے جانے والے فارمیٹنگ آپشنس کے بارے میں ایک - ایک کر کے سیکھیں گے. |
| 6:49 | "Format Selection" آپشن عنوان "Chart Area" کے ساتھ ایک ڈائلاگ باکس کھولتا ہے. |
| 6:56 | نوٹ کریں، کہ یہاں پر تین ٹیبز ہیں "Borders" -، "Area" اور. "Transparency" |
| 7:03 | ڈفالٹ طور پر "Borders" ٹیب منتخب ہے. |
| 7:07 | چارٹ کے بارڈر کا اسٹائل اور کلر بدلتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 7:11 | یہ کرنے کے لئے، "Style"فیلڈ پرکلک کریں اور "Continuous"منتخب کریں. |
| 7:16 | پھراسی طرح سے "Color"فیلڈ میں "Green"پرکلک کریں. |
| 7:21 | اب "OK"کے بٹن پرکلک کریں. |
| 7:26 | نوٹ کریں، کہ چارٹ کے بارڈر کا اسٹائل اور رنگ اسی مطابق بدلتے ہیں. |
| 7:31 | "Title" آپشن چارٹ کے عنوان اور اس کے محور یعنی axis کو فارمیٹ کرتا ہے. |
| 7:36 | "Axis" آپشن ان لکیریں کو فارمیٹ کرتا ہے جو چارٹ بناتے ہیں. |
| 7:41 | ساتھ ہی دونوں X اور Y ایکِسس پر نظر آنے والے ٹیکسٹ کے فانٹ کو بھی. |
| 7:46 | ان سب آپشنس کی بعد میں خود سے تحقیق کریں، یہ جاننے کے لئے کہ یہ سب کیا کرتے ہیں. |
| 7:53 | کیلک چارٹ area کے بیکگراونڈ کو تبدیل کرنے کے لئے بھی آپشن فراہم کرتا ہے. |
| 7:58 | چارٹ area ، اہم عنوان اور کی سمیت چارٹ گرافک کے اردگرد کا علاقہ ہے. |
| 8:05 | چارٹ area کو فارمیٹ کرنے کے لئے، "Format" آپشن پر کلک کریں اور "Chart Wall"منتخب کریں. |
| 8:12 | آپ دیکھتے ہیں کہ "Chart Wall"عنوان کے ساتھ ایک ڈائلاگ باکس ظاہر ہوتا ہے. |
| 8:17 | "Style"فیلڈ "Continuous"دِکھاتا ہے کیونکہ یہ ہمارا آخری انتخاب تھا. |
| 8:22 | "Color"فیلڈ میں، "Red"پرکلک کریں. |
| 8:26 | ہم سائیز کو بھی cm "0.20"میں تبدیل کردیں گے. |
| 8:31 | اب "OK"کے بٹن پرکلک کریں. |
| 8:35 | آپ دیکھتے ہیں کہ چارٹ area کے سٹائل اور رنگ میں تبدیلی ہوتی ہے. |
| 8:41 | آگے، ہم سیکھیں گے کہ چارٹ میں ایلیمینٹس کا سائز کس طرح تبدیل کریں اور منتقل کیسے کریں. |
| 8:46 | ایک چارٹ کا سائز تبدیل کرنے کے لئے، سیمپل چارٹ پر کلک کریں. |
| 8:51 | آپ دیکھتے ہیں، کہ چارٹ کے اردگرد سبز ہینڈلس نظر آتے ہیں. |
| 8:54 | چارٹ کا سائز بڑھانے یا کم کرنے کے لئے، چارٹ کے چار کونوں میں سے کسی ایک مارکر پر کلک کرکے ڈریگ کریں. |
| 9:03 | چارٹ کو منتقل کرنے کے لئے، پہلے چارٹ پر کلک کریں. |
| 9:07 | اب کرسر کو چارٹ کے اوپر کہیں بھی گھمائیں. |
| 9:11 | کرسر ہاتھ میں بدل جاتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 9:14 | چارٹ پر کلک کریں اور مطلوبہ جگہ پر لے جائیں .اب ماؤس کا بٹن چھوڑیں. |
| 9:20 | آپ نے چارٹ منتقل کرلیا. |
| 9:24 | اب ہم سیکھیں گے کہ "Position and Size" ڈائیلاگ باکس کا استعمال کرتے ہوئے چارٹس کا سائز کیسے تبدیل کریں. |
| 9:30 | پھر سے، چارٹ پر کلک کریں. |
| 9:33 | اب چارٹ پر دایاں - کلک کریں اور کنٹیکسٹ مینو میں سے "Position and Size" منتخب کریں. |
| 9:40 | "Position and Size" ڈائیلاگ ظاہر ہوتا ہے. |
| 9:44 | اس میں کئی سارے فیلڈس ہوتے ہیں جو چارٹ کے 'X' اور 'Y' مقامات کو اور ساتھ ہی لمبائی اور چوڑائی کو مقرر کر سکتے ہیں. |
| 9:52 | اپنے چارٹ کے لئے 'X' نقاط یا coordinates کو "1.00" اور 'Y' coordinates کو "0.83" مقرر کریں. |
| 10:02 | "OK" کے بٹن پر کلک کریں. |
| 10:04 | ہم دیکھتے ہیں، کہ چارٹ متعین کئے گئے ویلیوس کے مطابق ہی چارٹ Area کے اندر اپنی جگہ لیتا ہے. |
| 10:12 | اسی کے ساتھ ہم اس ٹیوٹوریل کے اختتام کی طرف آ گئے ہیں. |
| 10:16 | مختصر میں، ہم نے سیکھا کہ کس طرح : چارٹس بنائیں، ان کی ترمیم اور فارمیٹنگ کریں |
| 10:21 | ہم نے یہ بھی سیکھا کہ کس طرح سپریڈشیٹ کے اندر چارٹس کا سائز تبدیل کریں اور منتقل کریں. |
| 10:27 | جامع تفویض. |
| 10:29 | اپنی سپریڈشیٹ "practice.ods" کھولیں. |
| 10:34 | ڈیٹا کے لئے "Pie chart" درج کریں. |
| 10:37 | چارٹ کا سائز تبدیل کریں اور شیٹ کے دائیں کونے میں منتقل کریں. |
| 10:42 | مندرجہ ذیل لنکس پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. |
| 10:46 | یہ سپوکن ٹیٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے. |
| 10:50 | اگر آپ کے پاس اچھی بینڈ وڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 10:54 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم، |

| | |
|---|---|
| 10:56 | سپوکن ٹیوٹوریل کا استعمال کر کے ورکشاپس بھی چلاتی ہے |
| 11:00 | اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں. |
| 11:04 | مزید معلومات کے لئے contact @ spoken hyphen tutorial dot org پر رابطہ کریں. |
| 11:11 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. |
| 11:15 | جسے حکومت ہند کے ایمیچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 11:23 | اس مشن پر مزید معلومات. |
| 11:26 | spoken hyphen tutorial dot org slash NMEICT hyphen Intro پر دستیاب ہیں |
| 11:34 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ۔ |

.